اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

پریس ریلیز

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/ بی ایس سی پہلا سالانہ امتحان 2019ء میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ امتحان انشا اللہ 05 اپریل 2019ء بروز جمعہ سے شروع ہوگا۔ اس امتحان میں شرکت کرنے والے کالج کے سابقہ طلباء/ فیل شدہ/ رجسٹرڈ پرائیویٹ امیدواروں سے داخلہ فیس و داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخیں درج ذیل ہیں۔

نوٹ: بیرونی یا پرائیوٹ امیدوار کے طور پر صرف وہی طلباء امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں جو پہلے سے رجسٹرڈ ہیں۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران

۱۔	بغیر لیٹ فیس کے داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	07 فروری 2019ء (بروز جمعرات)
۲۔	لیٹ فیس کے ساتھ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	18 فروری 2019ء (بروز سوموار)
۳۔	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	25 فروری 2019ء (بروز سوموار)
۴۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	2200/- روپے
۵۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی ایس سی	=	2900/- روپے
۶۔	دوگنی فیس برائے امتحان بی اے	=	4400/- روپے
۷۔	دوگنی فیس برائے امتحان بی ایس سی	=	5800/- روپے
۸۔	لیٹ فیس	=	1500/- روپے
۹۔	بی اے کے امیدواروں کے لئے پریکٹیکل فیس	=	700/- روپے

داخلہ فیس اور داخلہ فارم بمعہ رجسٹریشن کارڈ ایک ساتھ اور ایک ہی تاریخ یعنی مورخہ 25 فروری 2019ء (بروز سوموار) تک وصول کیے جائیں گے۔ نامکمل داخلہ فارم منظور نہیں کیے جائیں گے اور ایسے داخلہ فارم واپس بھیج دیئے جائیں گے۔ یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔

(جاری ہے)

Result.pk

پرائیویٹ و بیرونی/کالجوں کے سابقہ امیدواران (جو پہلے سے رجسٹرڈ ہیں) اپنے داخلہ فارم حبیب بینک کی متعلقہ مقامی شاخ سے مقررہ امتحانی فیس جمع کرا کر حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز داخل فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔کالج کے سابقہ طلباء وطالبات (جو پہلے سے رجسٹرڈ ہیں) کو اپنے داخلہ فارم متعلقہ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کرانا ہونگے۔

پرائیوٹ وبیرونی مردوخواتین امیدوار (جو پہلے سے رجسٹرڈ ہیں) اپنے داخلہ فارم مطلوبہ دستاویزات اور فوٹو یونیورسٹی ہذا کے بہاولپور ڈویژن کے کالجز کے پروفیسروں/ہائرسیکنڈری سکول کے سبجیکٹ سپیشلسٹ جو کہ گریڈ 17 یا اس کے اوپر درجہ کے ہیں، جن کے نمونہ/دستخط شعبہ ہذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/تصاویر ان مقرر کردہ پروفیسروں/اساتذہ کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کیے جائیں گے۔اوران کوامتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مردوخواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع/تحصیل/سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ڈرافٹ/پے آرڈر اور منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام مردوخواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور انٹرمیڈیٹ کی سند/پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی مہیا کریں تاکہ ان کے امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت کا فیصلہ کیا جاسکے اور ان کو رول نمبر بروقت ارسال کیے جاسکیں۔اس امتحان میں شامل ہونے والے امیدوار اپنے سابقہ امتحان میں شمولیت کا رول نمبر اور سال جس میں انہوں نے امتحان دیا ہو ضرور لکھیں۔آخر میں اس امر کی اطلاع کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم کے ساتھ فوٹو جمع نہ کرانے اور فارم پر موجود تمام کالم پُر نہ کرنے کی صورت میں امیدواروں کے داخلہ فارم کسی صورت میں قابل قبول نہ ہونگے۔کالج کے سابقہ طلباء وطالبات کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔

بی اے/بی ایس سی سے متعلق تمام معلومات صرف یونیورسٹی کی ویب سائٹ (www.iub.edu.pk) پر دی جائیں گی۔

کنٹرولر امتحانات

بہاولپور

مورخہ: 28 دسمبر 2018

Result.pk